7/43 30807/19

دار الافتاء نمبر ۲/۱۵۳۲

کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ

① رمضان میں عمرہ ادا کرنے کیلئے جارہا ہوں۔ وہاں پر دوران طواف یا نماز سے فارغ ہونے کے بعد (رش/لوگ زیادہ ہونے کی صورت میں) نماز پڑھنے کے لیے سامنے سے گزرنا اس نیت سے کہ زیادہ انتظار نہ کرنا پڑے تاکہ طواف کیلئے زیادہ وقت مل جائے اور زیادہ طواف کرسکوں تو یہ طریقہ کیسا ہے

② حرم شریف میں آگے صف (صف) میں خالی جگہ ہو تو نماز پڑھنے کندھوں پر قدم اٹھا کر آگے جانا کیسا ہے (اسلئے کہ ہمارے یہاں سنت سے لوگ ہمیں سمجھتے ہیں کہ ہمارے لئے پر ہمیں آگے جانے کا راستہ دیں)

③ گورنمنٹ سعودیہ پاکستان کا قانون ہے کہ عمرہ پر جانے مرد آدمی کیلئے ۴۵ سال عمر کا ہونا شرط ہے۔ اور جو ۴۵ سال سے کم عمر والا ہو وہ صرف محرم عورت کیساتھ جاسکتا ہے۔ اکیلا نہیں جاسکتا۔ اور میرا عمر ۲۲ سال ہیں۔ اب ٹریول ایجنسی والے بھی کسی غیر محرم عورت کیساتھ محرم بنا کر بھیج سکتا ہے۔ اور یہ طریقہ صرف ویزہ لگانے کیلئے کرتا ہے باقی وہاں سب الگ الگ ہوتے ہیں تو اسطرح کرنا جائز ہے یا نہیں۔ اور حکومت کی طرف سے کم عمری کی پابندی اسلئے ہے کہ اکثر کم عمر نوجوان وہاں چھپ کر مزدوری کرتا ہے اور میں عمرہ کے فوراً بعد واپس آتا ہوں۔

④ جو لوگ پاکستان سے حکومت سے چھپ کر سعودیہ میں مزدوری کیلئے جاتے ہیں اور پھر وہاں حج یا عمرہ بھی کرتے ہیں تو ان کا یہ حج یا عمرہ جائز ہے۔

⑤ اگر کسی آدمی کی بہت سی نمازیں قضا ہوئی ہو۔ جن کی تعداد معلوم نہ ہو تو اس کس طریقہ سے لوٹانا چاہیں۔ تھوڑا تفصیل کیساتھ وضاحت کرنا۔

سماوت خان چارسدہ

درجہ ثانیہ متعلم جامعہ دارالعلوم کراچی

0308-8899521

الجواب حامداً ومصلّياً

(۱)۔۔۔ نمازی کے سامنے سے گزرنا جس طرح دیگر مساجد میں جائز نہیں ہے، اسی طرح مسجدِ حرام میں بھی نمازی سے گزرنا جائز نہیں، لیکن مسجدِ حرام میں چونکہ طواف کرنے والوں کی تعداد زیادہ ہوتی ہے، اور نمازیوں کے علاوہ طواف نہیں رکتا، لہٰذا مجبوری کی وجہ سے نمازی کے سامنے سے گزرنے کی گنجائش دی گئی ہے، تاہم اس کا اہتمام کرنا چاہئے کہ جس حد تک ممکن ہو تو نمازی کے سامنے سے گزرنے سے بچنا چاہئے۔

صحيح البخاري – (1 / 108)

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: «لو يعلم المار بين يدي المصلي ماذا عليه، لكان أن يقف أربعين خيرا له من أن يمر بين يديه» قال أبو النضر: لا أدري، أقال أربعين يوما، أو شهرا، أو سنة

الدر المختار وحاشية ابن عابدين (رد المحتار) – (2 / 501)

روى «المطلب بن أبي وداعة قال رأيت رسول الله – صلى الله عليه وسلم – وسلم حين فرغ من سعيه جاء حتى إذا حاذى الركن فصلى ركعتين في حاشية المطاف وليس بينه وبين الطائفين أحد» رواه أحمد وابن ماجه وابن حبان وقال في روايته «رأيت رسول الله – صلى الله عليه وسلم – يصلي حذو الركن الأسود والرجال والنساء يمرون بين يديه ما بينهم وبينه سترة.» وتمامه فيه.

مطلب في عدم منع المار بين يدي المصلي عند الكعبة. [تنبيه] قال العلامة قطب الدين في منسكه رأيت بخط بعض تلامذة الكمال بن الهمام في حاشية الفتح إذا صلى في المسجد الحرام ينبغي أن لا يمنع المار لهذا الحديث، وهو محمول على الطائفين لأن الطواف صلاة

الدر المختار وحاشية ابن عابدين (رد المحتار) – (1 / 636)

وليس بينهما سترة» وهو محمول على الطائفين فيما يظهر لأن الطواف صلاة، فصار كمن بين يديه صفوف من المصلين انتهى

البحر الرائق شرح كنز الدقائق ومنحة الخالق وتكملة الطوري – (2 / 357)

إذا صلى في المسجد الحرام ينبغي أن لا يمنع المار لما روى أحمد وأبو داود عن المطلب بن أبي وداعة أنه «رأى النبي – صلى الله عليه وسلم – يصلي مما يلي باب بني سهم، والناس يمرون بين يديه وليس بينهما سترة» وهو محمول على الطائفين فيما يظهر؛ لأن

الطواف صلاة فصار كمن بين يديه صفوف من المصلين اهـ.

ثم رأيت في البحر العميق حكى عز الدين بن جماعة عن مشكلات الآثار للطحاوي أن المرور بين يدي المصلي بحضرة الكعبة يجوز.

(۲)۔۔۔ نمازیوں کے کندھے پھلانگ کر اگلی صف میں جانے کی صورت میں ان کو ایذاء پہنچانا ہے، اور ایذاءِ مسلم حرام ہے، لہٰذا نمازیوں کے کندھے پھلانگ کر اگلی صف میں جانا درست نہیں، اور حدیثِ مبارکہ میں بھی اس سے منع کیا گیا ہے۔

البتہ اگر نمازیوں کو تکلیف پہنچائے بغیر اگلی صف میں جانا ممکن ہو تو جائز ہے۔

سنن ابن ماجه – (1 / 354)

عن سهل بن معاذ بن أنس، عن أبيه، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: «من تخطى رقاب الناس يوم الجمعة اتخذ جسرا إلى جهنم»

صحيح البخاري – (1 / 11)

عن عبد الله بن عمرو رضي الله عنهما، عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: «المسلم من سلم المسلمون من لسانه ويده، والمهاجر من هجر ما نهى الله عنه»

شرح صحيح البخارى لابن بطال – (1 / 62)

قال المهلب: يريد المسلم المستكمل لأمور الإسلام خلاف قول المرجئة. والمراد بهذا الحديث الحض على ترك أذى المسلمين باللسان واليد والأذى كله، ولهذا قال الحسن البصرى: الأبرار هم الذين لا يؤذون الذر والنمل. وقوله: تمت والمهاجر من هجر ما نهى الله عنه

(۳)۔۔۔ سوال میں ذکر کردہ صورت اختیار کرنا جائز نہیں ہے کیونکہ اس میں غلط بیانی اور دھوکہ دہی ہے جو کہ جائز نہیں ہے۔

صحيح البخاري – (1 / 12)

أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال، وحوله عصابة من أصحابه: «بايعوني على أن لا تشركوا بالله شيئا، ولا تسرقوا، ولا تزنوا، ولا تقتلوا أولادكم [ص:13]، ولا تأتوا ببهتان تفترونه بين أيديكم وأرجلكم، ولا تعصوا في معروف، فمن وفى منكم فأجره على الله، ومن أصاب من ذلك شيئا فعوقب في الدنيا فهو كفارة له، ومن أصاب من ذلك شيئا ثم ستره الله فهو إلى الله، إن شاء عفا عنه وإن شاء عاقبه»

دار الافتاء

صحيح البخاري – (1 / 16)

عن عبد الله بن عمرو أن النبي صلى الله عليه وسلم قال: " أربع من كن فيه كان منافقا خالصا، ومن كانت فيه خصلة منهن كانت فيه خصلة من النفاق حتى يدعها: إذا اؤتمن خان، وإذا حدث كذب، وإذا عاهد غدر، وإذا خاصم فجر " تابعه شعبة، عن الأعمش

صحيح مسلم – (2 / 977)

عن أبي هريرة، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: «لا يحل لامرأة أن تسافر ثلاثا إلا ومعها ذو محرم منها»

سنن أبي داود – (2 / 140)

عن أبي سعيد، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: «لا يحل لامرأة تؤمن بالله واليوم الآخر أن تسافر سفرا فوق ثلاثة أيام فصاعدا، إلا ومعها أبوها أو أخوها أو زوجها أو ابنها أو ذو محرم منها»

بدائع الصنائع في ترتيب الشرائع – (5 / 120)

عن رسول الله – صلى الله عليه وسلم – أنه قال «لا يحل لامرأة تؤمن بالله واليوم الآخر أن تسافر ثلاثا فما فوقها إلا ومعها زوجها أو ذو رحم محرم منها» ولأن الذي يحتاج المحرم إليه في السفر مسها في الحمل والإنزال ويحل له مسها فتحل المسافرة معها وكذا لا بأس أن يخلو بها إذا أمن على نفسه لأنه لما حل المس فالخلوة أولى فإن خاف على نفسه لم يفعل

تبيين الحقائق شرح كنز الدقائق وحاشية الشلبي – (2 / 5)

وأما اشتراط الزوج أو المحرم للمرأة في السفر، وهو مسيرة ثلاثة أيام فصاعدا فلقوله – عليه الصلاة والسلام – «لا يحل لامرأة تؤمن بالله واليوم الآخر أن تسافر سفرا يكون ثلاثة أيام فصاعدا إلا ومعها أبوها أو ابنها أو زوجها أو أخوها أو محرم منها» رواه مسلم وأبو داود وقال – عليه الصلاة والسلام – «لا تسافر المرأة ثلاثا إلا ومعها ذو محرم» رواه مسلم

(۴)۔۔۔ جو لوگ غیر قانونی طور پر سعودی عرب میں مقیم ہیں، اگر وہ حج یا عمرہ ادا کرتے ہیں تو ان کا حج یا عمرہ تو ادا ہو جائے گا، لیکن غیر قانونی طور پر رہنے کی وجہ سے قانون کی خلاف ورزی کا گناہ ملے گا۔

الفتاوى الهندية – (1 / 109)

الصَّلَاةُ فِي أَرْضٍ مَغْصُوبَةٍ جَائِزَةٌ وَلَكِنْ يُعَاقَبُ بِظُلْمِهِ فَمَا كَانَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ اللَّهِ تَعَالَى

دار الافتاء

يُثَابُ وَمَا كَانَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْعِبَادِ يُعَاقَبُ.

الدر المختار وحاشية ابن عابدين (رد المحتار) – (1 / 341)

ونظيره لو صلى السنة في أرض مغصوبة كان آتيا بها مع ارتكاب المنهي عنه.

المحيط البرهاني في الفقه النعماني – (2 / 219)

وفي «الأصل» أيضاً: يكره للمسافر أن يصلي على الطريق، بل ينبغي له أن يتنحى عن الطريق؛ لأن الطريق مشغول بحق المسلمين، فهو كما لو صلى في أرض مغصوبة،

الجوهرة النيرة على مختصر القدوري – (1 / 46)

وإن صلى في ثوب مغصوب أو توضأ بماء مغصوب أو صلى في أرض مغصوبة فصلاته في ذلك كله صحيحة

(۵)۔۔۔اگر آپ کو قضاء نمازوں کی تعداد معلوم نہ ہو تو آپ غور و فکر کر کے اندازہ لگائیں کہ کتنی نمازیں قضاء ہوئی ہوں گی، اور پھر جتنی مقدار پر غالب گمان ہو جائے اتنی نمازوں کی قضاء کریں، اور قضاء کرنے کا آسان طریقہ یہ ہے کہ:

ہر وقتیہ نماز کے ساتھ اسی وقت کی کچھ نمازیں پڑھ لیں، واضح رہے کہ صرف فرض اور وتر کی قضاء لازم ہے، سنتوں کی قضاء نہیں ہے۔

اگر نمازیں قضاء ہونے کے دن اور تاریخ یاد نہ ہوں، تو اس طرح نیت کر لیں کہ زندگی میں سب سے پہلے مثلاً جو فجر کی نماز قضاء ہوئی اس کی قضاء کر رہا ہوں، اس کے بعد ہر قضاء پڑھی جانے والی نماز کے شروع میں یہ نیت کریں کہ جو قضاء کر رہا ہوں یہ میرے ذمہ لازم قضاء نمازوں سب سے پہلی نماز ہے، مثلاً فجر کے بعد اگر قضاء نمازوں میں سے فجر کی قضاء کرنی ہو تو یہ نیت کرے کہ تمام قضاء نمازوں میں سے سب سے پہلی نماز ہے، پھر ظہر کے بعد جب ظہر کی نماز قضاء کرے تو اس میں بھی یہی نیت کرے کہ یہ میرے ذمہ لازم قضاء نمازوں میں سے سب سے پہلی نماز ہے، اسی طرح باقی نمازوں میں نیت کرے، اگر اس طریقے سے تمام نمازیں ادا ہو جائیں تو ٹھیک، ورنہ جتنی نمازیں باقی رہ جائیں ان سے متعلق وصیت کر لیں کہ میری وفات کے بعد ان باقی ماندہ نمازوں کا فدیہ ادا کر دیا جائے۔

الدر المختار وحاشية ابن عابدين (رد المحتار) – (2 / 76)

(قوله كثرت الفوائت إلخ) مثاله: لو فاته صلاة الخميس والجمعة والسبت فإذا قضاها لا بد من التعيين لأن فجر الخميس مثلا غير فجر الجمعة، فإن أراد تسهيل الأمر، يقول أول فجر مثلا، فإنه إذا صلاه يصير ما يليه أولا أو يقول آخر فجر، فإن ما قبله يصير آخرا، ولا يضره عكس الترتيب لسقوطه بكثرة الفوائت. وقيل لا يلزمه التعيينايضا كما في صوم أيام من رمضان واحد، ومشى عليه المصنف في مسائل شتى

دار الافتاء

آخر الكتاب تبعا للكنز وصححه القهستاني عن المنية، لكن استشكله في الأشباه وقال إنه مخالف لما ذكره أصحابنا كقاضي خان وغيره والأصح الاشتراط. اهـ.

الفتاوى الهندية – (1 / 66)

ولو كانت الفوائت كثيرة فاشتغل بالقضاء يحتاج إلى تعيين الظهر والعصر ونحوهما وينوي أيضا ظهر يوم كذا وعصر يوم كذا. كذا في فتاوى قاضي خان والظهيرية وهو الأصح. كذا في التبيين في مسائل شتى فإن أراد تسهيل الأمر ينوي أول ظهر عليه. كذا في فتاوى قاضي خان والظهيرية وهكذا في التبيين في مسائل شتى.

بدائع الصنائع في ترتيب الشرائع – (1 / 133)

فالحاصل أنه يجب النظر إلى الفوائت فما دامت في حد القلة وجب مراعاة الترتيب فيها، وإذا كثرت سقط الترتيب فيها؛ لأن كثرة الفوائت تسقط الترتيب في الأداء فلأن يسقط في القضاء أولى، هذا إذا شك في صلاتين فأكثر، فأما إذا شك في صلاة

المحيط البرهاني في الفقه النعماني – (1 / 533)

ثم إذا كثرت الفوائت حتى سقط الترتيب، لأجلها في المستقبل سقط الترتيب في نفسها أيضاً حتى قال أصحابنا رحمهم الله: فيمن كان عليه صلاة شهر، فصلى ثلاثين فجراً ثم صلى ثلاثين ظهراً هكذا الضرورة؛ وهذا لأن الفوائت عند كثرتها لما أسقطت الترتيب في أعيارها؛ فلأن يسقط في نفسها كان ذلك أولى، هكذا ذكر بعض مشايخنا رحمهم الله المسألة في «شرح كتاب الصلاة» ، وفي المسألة كلمات تأتي بعد هذا إن شاء الله تعالى.واحدة فائته ولا يدري أية صلاة هي – يجب عليه التحري لما قلنا، فإن لم يستقر قلبه على شيء يصلي خمس صلوات ليخرج عما عليه بيقين..... والله اعلم بالصواب

الجواب صحيح
احقر العباد
محمد عاصم صديقي
محمد عاصم بن عمر فاروق عفى عنه
دار الافتاء جامعه دار العلوم كراچی
۲۵/جمادی الثانی/۱۴۳۴ھ
۶/مئی/۲۰۱۳ء

الجواب صحیح
لمر عبد المنان نوشہرہ
۲۶/۶/۱۴۳۴ھ

الجواب صحیح
محمد لحقوی عفی عنہ
۲۶/۶/۱۴۳۴ھ

۲۷ جمادی الثانیہ ۱۴۳۴ھ

دار الافتاء ۱۲/۱۵۳۲ ۲۸/۶/۱۴۳۴ھ ۵/۵/۲۰۱۳ء